Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 15 | بدھ، 26 جون 2024ء، 19 ذوالحجہ 1445ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 94

عزم استحکام آپریشن: زیادہ تر کارروائیاں کے پی اور بلوچستان میں ہونگی

میں تو آج بھی کہتا ہوں کہ جنرل باجوہ اور جنرل فیض حمید کو پارلیمنٹ میں بلایا جائے، جنرل باجوہ نے ایکسٹینشن کے بدلے ہمیں پنجاب اور وفاقی حکومت دینے کی آفر کی

آپریشن پر تمام سیاسی جماعتوں کے تحفظات دور کیے جائیں گے، آپریشن عزم استحکام پر اعتماد میں لیا جائے گا، وزیر دفاع خواجہ آصف

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صوبائی کابینہ کے 10 ویں اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع و مسلم لیگ (ن) کے بیتر رہنما خواجہ آصف نے کہا ہے کہ جنرل باجوہ نے مدت ملازمت میں توسیع کے بدلے ہمیں پنجاب اور وفاقی حکومت دینے کی آفر کی تھی۔ ایک انٹرویو میں گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف نے ایک سوال پر کہا کہ میں تو آج بھی کہتا ہوں کہ جنرل باجوہ اور جنرل فیض حمید کو پارلیمنٹ میں بلایا جائے، جنرل باجوہ نے تو مدت ملازمت میں توسیع کے (بقیہ نمبر 1)

وزیراعلیٰ کا کنٹرولڈ ایکسس کوریڈور بند روڈ منصوبے کا دورہ

سکیاں انٹرچینج سے بابو صابو تک سروس روڈ کا خود جائزہ لیا، جلد تکمیل کا حکم

سروس روڈ کی وجہ سے عوام کو درپیش مسائل کا فوری تدارک ضروری ہے، مریم نواز

لاہور (این این آئی) کوثر بریلی جانب مریم نواز شریف نے کنٹرولڈ ایکسس کوریڈور بند روڈ منصوبے کا دورہ کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سکیاں انٹرچینج سے بابو صابو تک سروس روڈ کا خود جائزہ لیا اور الیفیڈ بند روڈ کا معائنہ کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز (بقیہ نمبر 2)

سرکاری سکولوں میں ہفتے کی بھی چھٹی کا اعلان

اسکولوں میں پیر سے جمعہ تک تدریسی اوقات کار بڑھائے جائیں گے، رانا سکندر حیات

لاہور (این این آئی) وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات نے کہا کہ سمجھوتہ کی آسانی کے لیے ہفتہ کے دن کو ہفتہ سرکاری سکولوں میں چھٹی میں دو چھٹیوں کا اعلان کردیا۔ وزیر تعلیم رانا سکندر قرار دے رہے ہیں۔ رانا سکندر (بقیہ نمبر 5) دار چھٹی

وزیراعلیٰ کا بند روڈ پراجیکٹ کی جلد تکمیل کا حکم

مریم نواز نے منصوبے کا دورہ کرکے سکیاں انٹرچینج سے بابو صابو تک سروس روڈ کا خود جائزہ لیا

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کنٹرولڈ ایکسس کوریڈور منصوبے کی جلد تکمیل کا حکم دے دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز نے کنٹرولڈ ایکسس کوریڈور بند روڈ منصوبے کا دورہ کیا اور سکیاں انٹرچینج (بقیہ نمبر 4)

سی ٹی ڈی میں چائنیز انٹیلی جنس یونٹ قائم

سی پیک اور نان سی پیک منصوبوں پر بم پروف گاڑیوں کی تعداد 50 کردی گئی

لاہور (این این آئی) پنجاب میں تمام چینی باشندوں کی سیکیورٹی کے حوالے سے حکومتی سی ٹی ڈی میں چائنیز سیکیورٹی انٹیلی جنس یونٹ قائم کردیا۔ پنجاب میں تمام چینی باشندوں کی سیکیورٹی کے حوالے سے ہونے والے اجلاس میں انکشاف ہوا ہے (بقیہ نمبر 3)

پنجاب سکھ آنند کراج میرج رجسٹرار رولز 2024 اور پنجاب سکھ آنند کراج میرج رولز 2024 کی منظوری

سیاسی نہیں عوامی مفادمیں فیصلے کرتی ہوں، وزیراعلیٰ پنجاب

بہاولپور کے صادق گڑھ محل کو "محفوظ قدیم عمارت" قرار دینے، پیڈک اور فیڈک کے بورڈ آف ڈائریکٹرز میں پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ اور دیگر کی نمائندگی کی منظوری

عوامی اور گلی مفاد کو سامنے رکھ کر فیصلے کریں تو اللہ تعالیٰ برکت ڈالتا ہے، وزیراعلیٰ مریم نواز کی زیر صدارت کابینہ کا 10 واں اجلاس، مون سون کے دوران اور اسے زیادہ بارشوں کی پیش گوئی کے تناظر میں اقدامات کا جائزہ

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا 10 واں اجلاس منعقد ہوا، جو گھنٹے طویل اجلاس میں 56 نکاتی ایجنڈے پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں دور دراز علاقوں میں ڈاکٹروں کی عارضی تعیناتیوں پر فوری تقرری اور ڈاکٹرز کے لئے سفارشات پر بجٹ میں حصہ لیتے ہوئے ڈپٹی وزیراعظم نے کہا کہ ریسٹرٹ کی سفارشات آئینی ذمہ داری ہے، حکومت کی (بقیہ نمبر 21)

سفارشات پر بجٹ میں شامل کیا جاتا ہے۔ مشکل کو قومی اسمبلی کے اجلاس میں آئندہ مالی سال کے بجٹ کے حوالے سے بجٹ کی

الاؤنس بڑھانے کی منظوری دی گئی۔ وزیراعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کی بھی منظوری دی گئی۔ کابینہ 2024 اور پنجاب سکھ آنند (بقیہ نمبر 15)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف چلڈرن لائبریری کمپلیکس کے دورے کے موقع پر بچوں سے گفتگو کررہی ہیں

روان ہفتے ملک میں گرمی کی لہر میں کمی، (آج) سے بارشوں کا امکان

لاہور (این این آئی) رواں ہفتے ملک میں گرمی کی لہر میں کمی کا امکان ہے آج (بدھ) 26 جون سے ملک میں جولائی کے دوران ملک میں بارش کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ محکمہ (بقیہ نمبر 7)

فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی کی عالمی درجہ بندی میں بہتری

گورنر پنجاب سے فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی کے مختلف شعبوں کے ڈینز کی ملاقات

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے گورنر ہاؤس لاہور میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد مسعود گوندل کی قیادت میں فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی کے مختلف شعبوں کے ڈینز نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی (بقیہ نمبر 6)

سینیٹ کی سفارشات آئینی ذمہ داری ہے، اسحٰق ڈار

قابل عمل سفارشات کو ہمیشہ بجٹ میں شامل کیا جاتا ہے، حکومت کی ذمہ داری ہے کہ بجٹ سینیٹ میں پیش ہو، ڈپٹی وزیراعظم

سینیٹ سفارشات پر بحث اسی وقت بامعنی ہوسکتی ہے جب ہمیں اتنی لمبی دستاویز پڑھنے کیلئے ایک دن کا موقع دیا جائے، سینیٹر نویدقمر

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی وزیراعظم اور وزیر خارجہ بیرسٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ بجٹ کی سفارشات آئینی ذمہ داری ہے، قابل عمل سفارشات پر بجٹ کے بجٹ میں شامل کیا جاتا ہے۔ ڈپٹی وزیراعظم نے کہا کہ ریسٹرٹ کی سفارشات آئینی ذمہ داری ہے، حکومت کی (بقیہ نمبر 21)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف چلڈرن لائبریری کمپلیکس کا دورہ کررہی ہیں

بجٹ میں اسٹیشنری آئٹمز پر ٹیکسز لگانے کا اعلان

حکومت ملک کو معاشی مسائل سے نکالنا چاہتی ہے، ہم بجٹ سے متعلق مثبت تجاویز کا خیر مقدم کرتے ہیں، وفاقی وزیر خزانہ

اخراجات اور مسائل کے ضیائع کو کم کرنے کیلئے اقدامات کیے جائیں، وفاقی حکومت صوبوں کے ساتھ طلبہ کے مسائل میں اضافے کی خواہشمند ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے بجٹ میں اسٹیشنری آئٹمز پر ٹیکس چھوٹ کو برقرار رکھا گیا ہے، حکومت ملک کو معاشی مسائل سے نکالنا چاہتی ہے، ہم بجٹ سے متعلق مثبت تجاویز کا خیر مقدم کرتے ہیں، وفاقی حکومت کے اخراجات اور مسائل کے ضیائع کو کم کرنے کیلئے اقدامات کیے جائیں، (بقیہ نمبر 8)

پنجاب حکومت نے 2 افسران کے تقرر و تبادلے کردیئے

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے 2 افسران کے تقرر و تبادلوں کے انکشاف جاری کردیے۔ ڈپٹی سپریٹنڈنٹ (ایگزیکٹو) سینٹرل جیل گوجرانوالہ عظیم اقبال اعظم کو تبدیل کرکے ڈپٹی سپریٹنڈنٹ (ایگزیکٹو) سینٹرل جیل راولپنڈی تعینات اور ڈپٹی سپریٹنڈنٹ (ڈیوٹیشنز) سینٹرل جیل گوجرانوالہ شاہد محمود کو تبدیل کرکے ڈپٹی (بقیہ نمبر 9)



لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان، جسٹس شجاعت علی خان سے تاقتمام چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کے عہدے کے حلف لے رہے ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف بھی موجود ہیں۔

پرنٹ اینڈ الیکٹرانک جرنلسٹس ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخابات

ساجد خان صدر، راجہ طاہر محمود جنرل سیکرٹری، روبینہ شاہین فنانس اور نوید قریشی ایڈیشنل سیکرٹری منتخب

پرنٹ اینڈ الیکٹرانک جرنلسٹس ایسوسی ایشن، کے نومنتخب تمام عہدیداران ذمہ دار اور پروفیشنل صحافی ہیں، بلال ڈار

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پرنٹ اینڈ الیکٹرانک جرنلسٹس ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخابات 2024/25 کے سارج کا اعلان کردیا گیا۔ چیئرمین الیکشن کمیٹی سینئر صحافی بلال ڈار نے پنجاب پولیس کلب اسلام آباد میں انتخابی نتائج کا اعلان کیا جس کے مطابق صدر ساجد خان، جنرل سیکرٹری راجہ طاہر محمود، فنانس سیکرٹری روبینہ شاہین، ایڈیشنل سیکرٹری نوید قریشی، نائب صدور کے لیے سعد عباسی، ضمیر حسین ضمیر، محمد نعمان قدوس، جوائنٹ سیکرٹریز کے لیے نیم مہمان، نامرحم، راجہ ضیاء الحق، انفارمیشن سیکرٹری کے لیے مشتاق احمد ملک، (بقیہ نمبر 6)

پرنٹ اینڈ الیکٹرانک جرنلسٹس ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخابات 2024/25 کے جیتنے والے امیدواروں کا گروپ فوٹو

پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کو مستقبل کا اہم محکمہ بنایا جارہا ہے

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کو مستقبل کا اہم محکمہ بنایا جارہا ہے

محکمہ نے چھوٹے خاندان کی اہمیت، ماؤں اور بچوں کی صحت اور معیار کو یقینی بنانے کے لیے مختلف ترقیاتی پروگرام شروع کئے ہیں

پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کے لیے سالانہ ترقیاتی سکیموں کیلیے سال 2024-2025 کیلیے 3800 ملین روپے کا بجٹ مختص کیا گیا ہے

محکمہ کے مستقبل کے تمام منصوبہ جات 2024 تا 2030 تک پھیلے ہوئے ہیں، محکمہ کی تمام جاری اور مستقبل کی سکیموں کو بروقت مکمل کیا جائے گا

پنجاب پاپولیشن پالیسی 2017 کے مقاصد میں ایک خوشحال، صحت مند اور علم پر مبنی معاشرے کا تصور کیا گیا ہے

پاکستان میں آبادی میں اضافے کو کنٹرول کرنے کیلیے کثیر الجہتی نقطہ نظر کی ضرورت ہے، ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر پنجاب ثمن رائے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر پنجاب ثمن رائے کا محکمانہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کو مستقبل کا اہم محکمہ بنایا جارہا ہے۔ محکمہ نے چھوٹے خاندان کی (بقیہ نمبر 2)

وزیراعلیٰ کا اچانک چلڈرن لائبریری کمپلیکس میں چھاپہ

وسائل کے ضیاع پر اظہار برہمی، خالی کمرے، لائبریری، لائٹس، پنکھے اور اے سی چل رہے تھے

چلڈرن لائبریری کمپلیکس کے بارے میں رپورٹ طلب، باقاعدہ فنکشنل کرنے کیلئے فوری پلان تیار کرنے کا حکم

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے اچانک چلڈرن لائبریری کمپلیکس میں چھاپہ مارا۔ خالی کمرے، لائبریری اور آڈیٹوریم، لائٹس، پنکھے اور اے سی چل رہے تھے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سرکاری وسائل کا بے جا ضیاع دیکھ کر برہمی کا اظہار کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے چلڈرن لائبریری کمپلیکس کے بارے میں رپورٹ طلب کرلی۔ چلڈرن لائبریری (بقیہ نمبر 10)

سٹریٹ کرائم کے متعدد وارداتوں میں ملوث دو رکنی گینگ گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) بنی پولیس کی کارروائی کے دوران سٹریٹ کرائم کی متعدد وارداتوں میں ملوث دو رکنی گینگ گرفتار کرلیا گیا، مسروقہ رقم 100 لاکھ 40 ہزار روپے اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا موٹر سائیکل برآمد۔ تفصیلات کے مطابق بنی پولیس نے (بقیہ نمبر 11)

بکلی کے فکسڈ چارجز ملیں بند کروانے کی پلاننگ ہے، آئل ٹلز مالکان

آئل ٹلز گروپ کا آن لائن مشاورتی اجلاس، حکومت سے ایکشن لینے کا مطالبہ

کراچی (این این آئی) سندھ بھر کے آئل ٹلز مالکان نے بکلی کے فکسڈ چارجز اور بے جا ٹیکسز کو آن لائن مشاورتی اجلاس میں حکومت سے فوری ایکشن لے کر فکسڈ چارجز (بقیہ نمبر 17)

اقدام قرار دے دیا۔ آئل ٹلز گروپ کے آن لائن مشاورتی اجلاس میں حکومت سے فوری ایکشن لے کر فکسڈ چارجز اور بے جا ٹیکسز کو متروک کرتے ہوئے اسے سبسیڈی دینے پر بھی انہوں نے کہا

لاہور: ایئر مارشل سرمد اکیڈمی میں ریسکیو سکاؤٹس سرکیپ میں شریک طلبہ کو ریسکیو ٹریک دی جارہی ہے

800 سے زائد سبجیکٹ اسپیشلسٹ کی خالی آسامیاں جلد پر کی جائیں

سندھ پروفیسرز اینڈ سبجیکٹ اسپیشلسٹ ایسوسی ایشن کا مطالبہ

ڈگری (محمد عاصم آرائیں) 800 سے زائد سبجیکٹ اسپیشلسٹس کی خالی آسامیاں جلد پر کی جائیں۔ سندھ پروفیسرز اینڈ سبجیکٹ اسپیشلسٹ ایسوسی ایشن کا مطالبہ تفصیل کے مطابق سندھ پروفیسرز اینڈ سبجیکٹ اسپیشلسٹ ایسوسی ایشن کے پریذیڈنٹ پروفیسر قربان علی بھٹی جنرل سیکریٹری پروفیسر جوہر مل پاروانی اور دیگر (بقیہ نمبر 12)

مشیات کے مقدمات میں ملوث دو ملزمان باعزت بری

سیشن جج ایسٹ کرپشن نارکوٹکس راجہ جواد حسن نے وقار احمد اور نعمان کو بری کردیا

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) مقدمہ نمبر 140/22 بزر دفعہ 9c (1)3(e) قانون ANF NORTH RD اسلام آباد میں سیشن جج ایسٹ نارکوٹکس جناب راجہ جواد حسن صاحب نے مشیات کے مقدمہ میں دونوں ملزمان وقار احمد (بقیہ نمبر 8)

اسلام آباد پولیس کے بڑا اعزاز

اسلام آباد (این این آئی) ایسٹن میں انڈر گریجویٹ پولیس انٹرچینج پروگرام میں اسلام آباد پولیس کے ہونہار آفیسر کیپٹن نبیب احسن نے 2020-2022 کے بین الاقوامی پولیس کلاس میں بہترین گریجویٹ پولیس آفیسر کا اعزاز حاصل کرلیا، ہونہار آفیسر پاکستان پولیس کے واحد نمائندے کے (بقیہ نمبر 3)

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر ایک تقریب میں مسلم لیگ (ن) راولپنڈی کے نائب صدر ڈاکٹر جمیل احمد خان سے گفتگو کررہے ہیں

ٹیکنیکل یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی (NUTECH) اور نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز (NUML) کے درمیان

تاریخی مفاہمت کی یادداشت پر دستخط

ایم او یو مختلف شعبوں میں باہمی تعاون کی نشاندہی کرتا ہے جس میں تعلیم، تحقیق اور متعلقہ لیبارٹری کی سہولیات کا اشتراک شامل ہے

نیوٹیک کے ریکٹر لیفٹیننٹ جنرل (R) HI(M) اور NUML کے ریکٹر جنرل شاہد محمود کیانی HI(M) ریٹائرڈ) نے شرکت کی

یہ شراکت ہمارے طلباء کو خاص طور پر ٹیکنالوجی اور زبان کے شعبوں میں سیکھنے اور ترقی کے زیادہ مواقع فراہم کرے گی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) نیشنل یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی (NUTECH) اور نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز (NUML) نے مفاہمت کی ایک یادداشت (MoU) پر دستخط کرکے ایک اہم شراکت داری کو باقاعدہ بنا دیا ہے۔ اس اہم موقع کو مل اسلام آباد میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران نشان زد کیا گیا جس میں نیوٹیک کے ریکٹر لیفٹیننٹ جنرل منظم اجاز (R) HI(M) ریٹائرڈ) اور (بقیہ نمبر 23)

نیشنل یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی (NUTECH) اور نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز (NUML) نے تاریخی مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کیے جارہے ہیں

مال بچے کی صحت بہبود آبادی پروگرام کی اولین ترجیح ہے

بانٹے آگاہی سیشن کا انعقاد کیا جارہا ہے

پاکستان میں ہر سال 14000 ماؤں کا حمل اور زچگی کی پیچیدگیوں کے نتیجے میں فوت ہو جانا باعث تشویش ہے، ڈپٹی ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر رمضان اعوان

بہبود آبادی پروگرام کے فروغ میں معاشرے کے سرکردہ افراد کا کلیدی تعاون حاصل کرنے کیلئے آگاہی سیشن کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ ماں بچے کی صحت پاکستان میں ہر سال 14000 ماؤں کا حمل (بقیہ نمبر 14)

ڈپٹی ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر (سی ایڈمن) محمد رمضان اعوان آگاہی سیشن سے خطاب کررہے ہیں

بیکر (ظفر اعوان) ضلعی ڈسٹرکٹ بہبود آبادی بکھر کے زیر اہتمام یونین کونسل آٹھ گولڑہ اور بستی چرخوا نوانی کوارٹر کلاں میں معزز ین علاقہ اور سیاسی و سماجی شخصیات کیلئے آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ ڈپٹی ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر (سی ایڈمن) محمد رمضان اعوان نے سیشن کے اغراض و مقاصد بیان کرتے ہوئے کہا کہ بہبود آبادی پروگرام کے فروغ میں معاشرے کے سرکردہ افراد کا کلیدی تعاون حاصل کرنے کیلئے آگاہی سیشن کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ ماں بچے کی صحت پاکستان میں ہر سال 14000 ماؤں کا حمل اور زچگی کی پیچیدگیوں کے نتیجے میں فوت ہو جانا باعث تشویش ہے، ڈپٹی ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر رمضان اعوان

چک جلال دین گرجاروڈ کے مکین پانی اور گیس کی سہولت سے محروم

گزشتہ چار سال سے پانی کی بندش اور اب گیس بندش پر تشویش کا اظہار

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) چک جلال دین گرجا روڈ وارڈ 1 اور 2 کے رہائشیوں نے گزشتہ چار سال سے پانی کی بندش اور اب گیس خانپور ڈیم لائن سے (بقیہ نمبر 9)

بندش پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ڈھوک سیداں چوک سے چند قدم کے فاصلے پر واقع سامنی بہبود میر طارق خان تاپلور نے سندھ میں نوے کی دہائی کی طلبہ تنظیم کی تعینات کی (بقیہ نمبر 20)

ایم کیو ایم اور ضیاء الحق نے سندھ میں تعلیمی زوال کی بنیاد رکھی

سوبائی وزیر برائے سماجی بہبود میر طارق علی خان تاپلور کا خطاب

ڈگری رپورٹ (محمد عاصم آرائیں) صوبائی وزیر برائے سماجی بہبود میر طارق خان تاپلور نے سندھ میں نوے کی دہائی کی طلبہ تنظیم کی تعیناتیوں کو میرٹ کے خلاف قرار دے کر تعلیم کے زوال کا ذمے دار گھہرا دیا، ایم کیو ایم اور ضیاء الحق نے سندھ میں تعلیمی زوال کی (بقیہ نمبر 20)

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Lalkaar Rawalpindi
بانی: کامریڈ عبدالرشید شہید
ادارہ کمیونسٹ انٹرنیشنل پاکستان

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

چین کا 'لائٹ اپ گوادر' منصوبہ

چین نے گوادر میں 'لائٹ اپ گوادر' منصوبے کا آغاز کر دیا ہے جس کے تحت گوادر شہر کے ہسپتال، اسکول اور سڑکیں روشن ہوگئی ہیں۔ تمام اسٹریٹ لائٹس مکمل طور پر نصب کر دی گئی ہیں، شمسی توانائی سے چلنے والی اسٹریٹ لائٹس طویل مدتی فوائد فراہم کریں گی۔ گوادر میں تکمیل پذیر ہونے والا چین کا لائٹ اپ منصوبہ ہماری حکومت کے لیے روڈ میپ، حوصلہ افزائی اور رہنمائی کا باعث ہونا چاہیے۔ بجلی کی کمی کی وجہ سے ملک میں گھنٹوں لوڈ شیڈنگ کی جاتی ہے۔ اس کے ساتھ بجلی اتنی زیادہ مہنگی ہو چکی ہے کہ عام آدمی بل ادا کرنے سے بھی قاصر ہے۔ بجلی آئے یا نہ آئے بل بروقت آجاتے ہیں اور بل کی ادائیگی نہ ہونے پر میٹر کاٹنے والے بھی پہنچے ہوتے ہیں۔ دنیا میں بجلی پیدا کرنے کے کئی ذرائع استعمال ہو رہے ہیں۔ ان میں سب سے سستا ذریعہ شمسی توانائی کو سمجھا جاتا ہے۔ پاکستان دنیا کے ان ممالک میں شامل ہے جہاں سورج کی روشنی سال کے بہت زیادہ دن میسر ہوتی ہے۔ شمسی توانائی کے حصول کے لیے یہی شے درکار ہے۔ اس سسٹم سے بجلی پیدا کرنے سے منفی موسمیاتی اثرات سے بھی جان چھوٹ سکتی ہے۔ اس کے لیے کھمبوں اور تاروں کی ضرورت بھی نہیں ہوتی۔ ری نیول انرجی تیزی قابلِ تجدید توانائی کے ذرائع میں پانی، ہوا اور شمسی توانائی تینوں شامل ہیں لیکن ان میں سب سے سستا اور پائیدار ذریعہ سولر ہے۔ حکومت کو فوری طور پر سولر سسٹم کی طرف آنے کی ضرورت ہے۔ پہلے سٹریٹ لائٹس کو لے لیں یا سکول اور ہسپتالوں سے سلسلہ شروع کر لیں۔ ہمارے ہاں سرکاری اور نجی شعبہ میں ایسی عمارتیں بھی ہیں جن کی چھتیں ایکڑوں پر محیط ہیں۔ ان پر سولر سسٹم نصب کیا جائے تو کم از کم ان عمارتوں کی بجلی کی ضرورت پوری ہو سکتی ہے۔ سسٹم پر خرچ تو ایک بار کرنا ہوتا ہے جو تھوڑے ہی عرصے میں بجلی کے حصول سے پورا ہو جاتا ہے۔ چین نے گوادر میں لائٹ اپ منصوبے کی تکمیل کر کے پاکستان کو سستی ترین بجلی کی دستیابی کا راستہ دکھا دیا ہے اب اس راستے پر چلنا حکومت کا کام ہے۔

بھیک نہیں، باعزت روزگار دیں

رفیع صحرائی

بہت مشہور واقعہ ہے۔ ہم سب نے نصاب کی کتابوں میں بھی پڑھا ہے کہ ایک صحابی رضی اللہ عنہ، نبی علیہ السلام صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی کہ گھر میں کھانے کو کچھ نہیں، فاقوں کی نوبت ہے کچھ مدد کی جائے۔ کہا گیا اچھا ہو کہ تمہارے گھر کے پچھلے پرانے سامان کی بکری کر دی جائے۔ جب وہ بازار سے واپس آیا تو آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے اس سے وہ پیسہ اکٹھا کروایا اور دیس پر دو درہم میں فروخت فرما کر اس صحابی سے فرمایا ایک درہم کی کلہاڑی اور رسی اور دوسرے درہم کی کھانے پینے کی چیزیں لے آؤ۔ جب وہ بازار سے واپس آیا تو آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے اس کلہاڑی میں اپنے ہاتھ سے دستہ ٹھونکا اور فرمایا۔ "جاؤ! اس کلہاڑی کے ساتھ جنگل سے لکڑیاں کاٹ کر بازار میں فروخت کیا کرو"۔ وہ صحابی رضی اللہ عنہ چلے گئے اور حسب الحکم لکڑیاں کاٹ کر بیچنے کا کام شروع کر دیا۔ چند روز بعد دوبارہ خدمتِ نبوی صلی اللہ علیہ والہ وسلم میں حاضر ہوئے اور عرض کی کہ گھر کے حالات ٹھیک ہو گئے ہیں اور چند درہم بھی کما چکا ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم اس کے حالات سن کر بہت خوش ہوئے اور فرمایا "میں نہیں چاہتا تھا کہ تم بھیک مانگتے کا دامن ہو"

اب ذرا وطنِ عزیز کی طرف آ جائیے۔ ملک کی کثیر آبادی کو سرکاری طور پر برملا یہ پیغام اگر سپورٹ پروگرام کے تحت بھیک دے کر ایک چوتھائی آبادی کی پیشانیاں داغ دار کی جا رہی ہیں۔ لوگ اس تکمیل دم کے حصول کے لیے پیروں قطاروں میں لگ کر ذلیل و خوار ہو رہے ہوتے ہیں۔ عجیب دھینگا مشتی کا منظر ہوتا ہے۔ ایسے میں ناٹرک ماغیاں سرگرم ہوتا ہے اور اپنا کیفش کھرا کر کے سہولت کا ساتھ یہ رقم دلوا تا ہے۔ کیا ہی اچھا ہو کہ ہماری حکومت بے نظیر انکم سپورٹ کے مستحقین کے لیے باعزت روزگار کے مواقع فراہم کرے۔ ان لوگوں کو ہنرمند بنانے کے لیے عملی اقدام کرے تاکہ یہ لوگ ملک پر بوجھ بننے کے بجائے مفید شہری بن سکیں۔ ورنہ ان لوگوں کی طرح ان کی اولاد میں بھی "سرکاری امداد" کی منتظری را کریں اور نکمی معیشت ناقابلِ برداشت بوجھ کے نیچے دبتی چلی جائے گی۔

آج بنگلہ دیش کی پارلیمنٹ میں ایک بل آیا کہ کیوں نہ بنگلہ دیش میں بھی بینظیر انکم سپورٹ پروگرام جیسا پروگرام شروع کیا جائے کہ قوم بھائے بھکاریوں کی لائینوں میں کھڑے ہونے کے باعزت روزگار کا حصول اپنائے۔

اس لیے نگارمنش کو محاذ کر لیا آج بنگلہ دیش کی کامیابی کا یہ حال ہے کہ بنگلہ دیش یورپ کو گارمنٹس کی برآمدات میں چائنہ کے برابر جا رہا ہے جبکہ پاکستان میں ہم نے بینظیر پروگرام میں عوام کو خیرات لینے والوں کی قطاروں میں اس طرح کھڑا کیا کہ روز بروز قطاریں لمبی ہوتی جا رہی ہیں

بقیہ 1

پوسٹ لیمیں جناب وفاقی حکومت دیتے کی آخر کی گئی۔ آپ بیشن مرہم اہتمام کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ اس وقت دہشت گردی کے پنجے چل رہے، پاکستان میں دہشت گردی کے پنجے میں وقوع میں ہیں ہم ملک کی صورتحال کے ساتھ کے میں مثال تھیں، آپ بیشن پر تمام سیاسی جماعتوں کے تحفظات دور کیے جا چکے ہیں اور انہوں کرتے مرہم اہتمام و اتحاد میں لیا جا رہے گا۔ انہوں کے کہا کہ مرہم اہتمام پاکستان پر ہمارے ملک کے کہا کہ مرہم اہتمام پاکستان پر مختلف اور ہر طرح سے مشکل میں ہوگا۔ خواجہ آصف نے کہا سوال یہ کہ اگر افغانستان سے سوویت کی سپورٹ تھی تو یہ کیوں ہوا ہے سوویت سے کہ ان کی سرزمین دہشت گردی کے خلاف استعمال نہیں ہوئی تھی، انہوں نے کہا کہ ہمارا فاضل الرحمٰن، بلی میں کشمیر اور افریقہ اور لیبل میں آپ بیشن مرہم اہتمام پر بات کریں کے بعد میں کشمیر کے حالات آپ بیشن کا ہوا دہشت گردی میں طریت ہوئی اور اس کے خلاف واضح ہوئی ہیں۔

بقیہ 2

شریف نے بندر وبا اپنا چک کی جلد مشکل کا مرہم کی ڈیلیاں مقرر کر دی۔ وزیر داخلہ مریم اورنگزیب کی کہا کہ کنٹرول ہیلتھ بندر وبا کے ساتھ سروں کے ساتھ مرہم کو دیکھی ساتھ کا فوری تدارک ضروری ہے۔ ڈی ایل ڈی اے عاجز ہیں اور وہیلے انجیکٹ ایل ڈی اے اسرار سعید نے اپنا چک پر بھاگ دیتے ہوئے بتایا کہ کنجیکٹ کے لیے کمل مرہم کو لگایا جا رہا ہے۔ ایل ڈی اے عاجز عاشق، بیکٹیری زنہ اتھ زنان، پرسل بیکٹری ساجد طفروال اور ایل ڈی اے ساجد کمی موجود تھے۔

بقیہ 3

کسی کیا اور ان کی بیک مصنوعی کے علاوہ ڈی ایل ڈی اے جناب میں تمام بیشن ساتھ سیکورٹی کیلئے بنائی جانے والے مرہم سائی ایپ استعمال کیں کرتے، ایپ کے ساتھ سیکورٹی کے ایکسس کیلئی کے اجلاس میں اہم مسئلہ قرار دیا گیا۔ محمد واطر نے اس حوالے سے چائیز مرہم کا ہوا کا ایپلیکیشن سیکیورٹی کے ساتھ چائیز باشندوں کو موبائل ایپ استعمال کرنے پر آمادہ کیا جا رہا ہے کہ ان کیلئی بنائی جانے والی ایپ کیلئی بیشن کی سرپلس اور ٹیکٹرک کیلیے بنائی گئی ہے کہ صوبے میں بیشن کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔ اس کا علاوہ ڈی ایل ڈی اے چائیز سیکیورٹی اکیلی جس یونٹ بھی کام کر دیا کہ چائنی سی بیشن کیلئے ایک پیکیج کیا ہے۔ وزیر مہنگائی کے ساتھ کہا کہ سکھوں میں ہوئے کے ساتھ کہا کہ ہم کیلئے ایک ایپلیکیشن کیلئے کام کر رہے ہیں اور ہم کیلئے ایک ایپلیکیشن کیلئے کام کر رہے ہیں اور ہم کیلئے ایک ایپلیکیشن کیلئے کام کر رہے ہیں۔

بقیہ 4

ہے یا ہمارے ایک سروس روڈ کا خود ساختہ دیا، انہوں نے ایپلیکیشن بندر وبا کیلئی معاشرے کیا۔ مرہم لوانے زیادہ ہے پر ہفتہ کے دن کی پھلیں کیلئے کیا جا رہا ہے۔ وزیر تعلیم ساجد طفروال نے کہا کہ سکھوں میں ہے جسے کہ دوسرے کی اوقات کار بنا دیا ہے جائیں کے۔ انہوں نے مرچ کیا کہ اساتذہ کا خیال رکھا جائے، اساتذہ کی پروموشن کے ساتھ کیلئی جلد مشکل ہو رہے ہیں۔

بقیہ 5

کیا کہ اساتذہ مشکل کے ساتھ کر رہے ہیں، ان کا کیا کہ اساتذہ کیلئے ڈسپلنری ہے۔ وزیر مرہم لوانے زیادہ ہے پر ہفتہ کے دن کی پھلیں کیلئے کیا جا رہا ہے جسے کہ دوسرے کی اوقات کار بنا دیا ہے جائیں کے۔ انہوں نے مرچ کیا کہ اساتذہ کا خیال رکھا جائے، اساتذہ کی پروموشن کے ساتھ کیلئی جلد مشکل ہو رہے ہیں۔

بقیہ 6

کی عالمی دہند بندی میں بہتری، گڈ سٹیٹ سیاب میں خدمات، صحت کے لیے پے سے پر ہوا مرہم ہیں کیونکہ پروگرام اور ہیلتھ بیشن سیکٹر پر مشتمل ریٹنی ڈالی گئی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر جناب سردار سلیم حیدر نے کہا کہ تحقیق کے لیے تحقیق اہم ہے اور ہمارے تحقیق کا مرکز ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ جان کر خوشی ہوئی کہ ظاہر سٹیٹ میڈیکل یونیورسٹی تحقیق میں نمایاں کارکردگی دکھا رہی ہے۔ گورنر جناب نے قائمہ بیشن میڈیکل یونیورسٹی تحقیق میں نمایاں کارکردگی کی تعریف کی۔ گورنر جناب نے کہا کہ ہمارے ہاں ہیلتھ کیئر کے لیے ایک ایپلیکیشن کا ہونا بہت ضروری ہے۔ میں

یورپ اور مشرق وسطیٰ میں متعدد تنازع جاری ہیں، اسحاق ڈار

غزہ میں بچوں اور عورتوں کی نسل کشی جاری ہے، مقبوضہ کشمیر میں مظالم کا سلسلہ جاری ہے، اسلاموفوبیا کا خطرہ منڈلا رہا ہے

عالمی سیاست میں ایک دوفخم ہو رہا ہے نیا دور شروع ہو رہا ہے، دنیا میں ملٹی پولیرٹی کا تصور ابھر رہا ہے، وزیر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ یورپ اور مشرق وسطیٰ میں متعدد تنازع جاری ہیں، عالمی سیاست میں ایک دوفخم ہو رہا ہے نیا دور شروع ہو رہا ہے، دنیا میں ملٹی پولیرٹی کا تصور ابھر رہا ہے، تعزیب سے خطاب کرتے ہوئے اسحاق ڈار نے کہا کہ انسٹی ٹیوٹ آف اسٹریٹجک اسٹڈیز ایک غیر معمولی تھنک ٹینک ہے، یہ ادارہ عالمگاتی ہوا اور عالمی امور پر غیر معمولی کردار ادا کر رہا ہے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ معیاری تحقیق کی وجہ سے اس انسٹیٹیوٹ کا اہم کردار ہے، جنوبی ایشیا اور خارجہ امور پالیسی پر اس (بقیہ نمبر 2)

پیپلز پارٹی کا بجٹ منظوری میں حکومت کی حمایت کا فیصلہ

بجٹ پر پارٹی مطالبات پر عبوری اقدامات کے حوالے سے مشاورت کی گئی

اسلام آباد (این این آئی) پیپلز پارٹی نے بجٹ منظوری میں حکومت کی حمایت کا فیصلہ کرلیا۔ جبکہ بین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی زیر صدارت پارلیمانی پارٹی کا اجلاس ہوا۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں وفاقی بجٹ پر پارٹی مطالبات پر عبوری اقدامات کے حوالے سے مشاورت کی گئی۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں وفاقی بجٹ کی (بقیہ نمبر 2)

ساقیہ والا کا وزیب جمیل اپنے ہونے والے قاتلانہ حملے کے حوالے سے پریس کانفرنس کر رہی ہیں

قبر بیاں ہے لیکن مردے تین ہیں، فیصلہ بہت جلد ہونے والا ہے

میں نے 30 اگست کی تاریخ رکھی ہے اس سے پہلے فیصلہ ہو جائے گا، شیخ رشید

اسلام آباد (این این آئی) عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید نے کہا ہے کہ قبر ایک ہے لیکن مردے تین ہیں، فیصلہ بہت جلد ہونے والا ہے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شیخ رشید نے کہا کہ میں نے 30 اگست کی تاریخ رکھی ہے اس سے پہلے فیصلہ ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ کوئی حکومت ہے کہ کوئی جج ہی نہیں جا سکتا۔ (بقیہ نمبر28)

علی اصغر غیر ملکی شہریوں کی حفاظت سے متعلق اہم میٹنگ

سینئر پولیس افسران نجحافظت کے لئے اٹھائے گئے اقدامات سے متعلق آگاہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد وسید علی ناصر رضوی نے علی اصغر غیر ملکی شہریوں کی حفاظت سے متعلق اہم میٹنگ میں آگاہ کیا ہے کہ سینئر پولیس افسران غیر ملکی شہریوں کی حفاظت

راولپنڈی: خواتین کو بااختیار بنانے کے حوالے سے رکشہ مہم تقریب میں لیگل ایم این اے ڈاکٹر شائستہ جدون خواتین کے حقوق کیلئے اظہار یکجہتی کر رہی ہیں

ڈرگ مافیا کو کیفر کردار تک پہنچائیں گے، وزیر داخلہ

وزیر داخلہ و اسد وشیات محسن نقوی کا پنجگور میں شہید کانسٹیبل محمد افضال کی قربانی کو خراج عقیدت، زخمی سپاہی کی صحتیابی کیلئے دعا

شہید کانسٹیبل افضال نے شہادت کا بلند رتبہ پایا، فائرنگ میں ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچائیں گے، وزیر داخلہ محسن نقوی کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) ایشیائی بار کرکس فورس کا ایک اور بہادر سپوت وطن پر قربان ہو گیا، وفاقی وزیر داخلہ و اسد وشیات محسن نقوی نے پنجگور کے علاقے میں فائرنگ سے اے ایس ایف کے کانسٹیبل محمد افضال کی شہادت پر گہرا دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ و اسد وشیات محسن نقوی نے شہید کانسٹیبل محمد افضال کی قربانی کو خراج عقیدت پیش کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ و اسد وشیات محسن نقوی (بقیہ نمبر 3)

ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک سلیم اللہ کی روبینہ خالد سے ملاقات

بینظیر وظیفہ کی تقسیم کے لیے ادائیگی کے نئے ماڈل پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک سلیم اللہ نے بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام ہیڈ کوارٹر میں چیئرپرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد سے ملاقات کی، جس میں بینظیر وظیفہ کی تقسیم کے لیے ادائیگی کے نئے ماڈل پر تبادلہ خیال کیا گیا، نئے (بقیہ نمبر 1)

گزشتہ چار روز کے دوران اموات میں غیر معمولی اضافہ

گزشتہ چار روز میں ایدھی سرد خانوں میں 427 میتیں لائی گئیں

کراچی (این این آئی) کراچی میں گزشتہ چار روز کے دوران اموات میں غیر معمولی اضافہ ہوا ہے، ایدھی سرد خانوں میں 427 میتیں لائی گئیں۔ سربراہ ایدھی فاؤنڈیشن فیصل ایدھی کا جان ساتھ آگیا جس میں کہا گیا کہ گزشتہ چار روز میں ایدھی سرد خانوں میں 427 میتیں لائی گئیں۔ انہوں نے کہا کہ عموماً روزانہ لائی گئی میتوں کی تعداد میں دگنے سے زیادہ اضافہ ہوا۔ فیصل ایدھی کے مطابق گرمی کی لہر کے ساتھ خسرہ میں اموات کی تعداد بڑھی ہے۔ 21 جون کو 22،78 جون کو 23،86 جون کو 128 اور 24 جون کو 135 میتیں ایدھی سرد خانے لائی گئیں۔ سربراہ ایدھی فاؤنڈیشن کے مطابق عام دنوں میں اوسط 40 کے (بقیہ نمبر 3)

عدت نکاح کیس سزا معطلی کی درخواست پر فیصلہ محفوظ

کیس میں سزا کے خلاف مرکزی اپیلوں پر ساعت 2 جولائی تک ملتوی کردی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ڈسٹرکٹ ایڈیشنل عدالت میں سابق وزیراعظم نواز شریف کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی عدت نکاح کیس میں ان کی سزا معطلی کی درخواست پر فیصلہ محفوظ کرلیا جبکہ سزا معطلی کی درخواست پر سماعت 2 جولائی تک ملتوی کردی۔ ایڈیشنل سیشن جج محمد افضل لودھی نے کیس میں سزا کے خلاف مرکزی اپیلوں پر سماعت کی۔ جبکہ سینئر سیف اللہ ایڈووکیٹ نے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج محمد افضل لودھی کے سامنے دلائل دیئے۔ دوران سماعت وکیل نے کہا کہ وفاقی پیداوار درخواستوں پر سماعت (بقیہ نمبر 3)

فوری ضرورت

روزنامہ عوامی للکار Daily Awami Lalkaar

کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com

ایس آئی ٹی ایبٹ آباد کے زیر حراست شاہد کو ایبٹ آباد کینٹ امدار کراٹ ڈیلنر کو شناخت کے لیے زیر حراست لیا جا رہا ہے

سوہاوہ، دیالی میں ملزمان کی پولیس پارٹی پر فائرنگ کا واقعہ

ڈی پی او جہلم کا نوٹس، ڈی ایس پی سوہاوہ سے واقعہ کی رپورٹ طلب

جہلم (این این آئی) تھانہ سوہاوہ کے علاقہ دیالی میں ملزمان کی پولیس پارٹی پر فائرنگ کے واقعہ پر ڈی پی او جہلم ناصر محمود باجوہ نے نوٹس لیتے ہوئے ڈی ایس پی سوہاوہ سے واقعہ کی رپورٹ طلب کرلی۔ پولیس پارٹی ملزم عابد شاہ سے ہوا۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں وفاقی بجٹ پر پارٹی مطالبات پر عبوری اقدامات کے حوالے سے مشاورت کی گئی۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں وفاقی بجٹ کی (بقیہ نمبر 2)

موٹر سائیکل سوار تین ڈاکوؤں کی ڈولفن فورس پر فائرنگ

ڈاکوؤں کی اپنی فائرنگ سے ایک ڈاکو ہلاک، ایک کو گرفتار کرلیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) کمیٹی چوک میں موٹر سائیکل سوار تین ڈاکوؤں کی ڈولفن فورس پر فائرنگ، ڈاکوؤں کی اپنی فائرنگ سے ایک ڈاکو ہلاک، ایک ڈاکو گرفتار کرلیا گیا، ویسٹریج کے علاقہ علی ماریکٹ میں پولیس کو ڈلفن کی اطلاع دوران فائرنگ سے ایک راہگیر زخمی ہوگیا۔ ڈولفن فورس کے ایک اہلکار کو معمولی زخم آئے ہیں۔ زخمی کو نجی ہسپتال منتقل کیا گیا۔ ڈاکوؤں نے پولیس پر بھی فائرنگ کردی۔ تفصیلات کے (بقیہ نمبر 3)

گوالمنڈی مومن سوان پلازہ کے باعث انخلاب کے باہر ریسکیو مشینری کی مدد سے نالیوں کی صفائی کر رہے ہیں

پی پی پوٹھوہار ناصر نواز کی زیر صدارت میٹنگ

میٹنگ میں کینٹ سرکل اور سول لائنز سرکل کے تفتیشی افسران کی شرکت

پی پی پوٹھوہار نے زیر تفتیش مقدمات کی پراگرس کا جائزہ لیا

زیر تفتیش مقدمات میں ملوث ملزمان کی گرفتاری یقینی بنانے کی ہدایات

راولپنڈی (این این آئی) پی پی پوٹھوہار ناصر نواز کی زیر صدارت میٹنگ کا انعقاد کیا گیا، میٹنگ میں کینٹ سرکل اور سول لائنز سرکل کے تفتیشی افسران نے شرکت کی، پی پی پوٹھوہار نے زیر تفتیش مقدمات کی پراگرس کا جائزہ لیا اور ہدایات دیں، زیر تفتیش مقدمات میں ملوث ملزمان کی گرفتاری یقینی بناتے ہوئے چالان بروقت مرتب کیے جائیں، کار و مسروقہ سائیکل چوروں کے خلاف مؤثر حکمت عملی سے کارروائیاں کی جائیں، منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن میں تیزی لائی جائے، شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اور امن (بقیہ نمبر 3)

گرفتار وکیل فتح اللہ بری کے جسمانی ریمانڈ پر فیصلہ محفوظ

8 دن کا جسمانی ریمانڈ چاہیے، 20 ہزار روپے اور ایک چین ریکوکرنی ہے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی انسداد دہشتگردی عدالت نے خاور مانیکا پر تشدد کرنے کے کیس میں پاکستان تحریک انصاف کے وکیل فتح اللہ بری کے جسمانی ریمانڈ سے متعلق فیصلہ محفوظ کرلیا۔ وکیل فتح اللہ بری کو انسداد دہشتگردی عدالت کے جج ابوالحسنات ذوالقرنین کی عدالت میں پیش کیا گیا، فتح اللہ بری کی طرف سے وکیل شمیم حیدر چغتہ عدالت کے روبرو پیش ہوئے۔ سماعت کے آغاز پر عدالت نے دریافت کیا کہ تفتیش (بقیہ نمبر 3)

لاہور: کارپٹ مینوفیکچررز ایڈوائزری ایسوسی ایشن کے وفد کا لاہور چیمبر کے دورے کے موقع پر صدر لاہور چیمبر کاشف انور اور دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو۔

شدید گرمی کے باعث دل کے مریضوں کی تعداد میں اضافہ

2 افراد ہیٹ اسٹروک کی علامات کے ساتھ انتقال کر گئے

کراچی (این این آئی) کراچی میں شدید گرمی کے باعث دل کے مریضوں کی تعداد میں اضافہ ہوگیا۔ کراچی انسٹی ٹیوٹ آف ہارٹ ڈیزیز میں ایک ہفتے کے دوران ہیٹ اسٹروک کے 100 کیسز رپورٹ ہوئے۔ 2 افراد ہیٹ اسٹروک کی علامات کے ساتھ انتقال کر گئے۔ ماہرین نے بتایا کہ دل کے مریض اس شدید گرمی میں باہر نہ نکلیں، گرمی کی وجہ سے تمام افراد متاثر ہو رہے ہیں، تمام افراد اس موسم میں احتیاط اپنائیں۔ ادھر شہر بھر (بقیہ نمبر 4)

راولپنڈی: چیرو ڈبائی لاری اڈہ میں ایک محنت کش موٹے فروخت کر رہا ہے

ڈی ایچ کیو ہسپتال کے یک ڈاکٹر کی دس یوم سے ہڑتال جاری

ڈی پی او کے مکمل طور بند ہو جانے سے دور دراز سے آئے مریض رل گئے

گروموا (این این آئی) ڈی ایچ کیو ہسپتال کے یک ڈاکٹر کی دس یوم سے جاری ہڑتال سے او پی ڈی کے مکمل طور بند ہو جانے سے دور دراز سے آئے مریض رل گئے جس کا کہنا ہے کہ حکومت احتجاج ختم کروانے اور مریضوں کے علاج میں رکاوٹ کے مرتکب ڈاکٹر اور سٹاف کے ملازمت نکال باہر کیا جائے جو آئے روز ہڑتال اور احتجاج کر کے غریب مریضوں کی زندگیوں کیساتھ کھیل رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق ڈی ایچ کیو ہسپتال گروموا میں دس روز سے جاری یک۔ڈاکٹر کی ہڑتال کے باعث او پی ڈی مکمل طور پر بند ہے اور (بقیہ نمبر 4)

وادی کاغان میں جون کے مہینے میں غیر متوقع برفباری

جون کے مہینے میں غیر متوقع برفباری کے باعث سیاحوں کا رش بڑھ گیا ہے

ماسہرہ (این این آئی) ماسہرہ کی وادی کاغان میں عیدالاضحیٰ کی شام سے گذشتہ اتوار کے 53 ہزار 220 گاڑیوں اور 16 ہزار 540 موٹر سائیکلوں پر 3 لاکھ سے زائد سیاح وادی کاغان پہنچے ہیں، رش اور سڑک کی خرابی کے باوجود سیاحوں نے دلفریب (بقیہ نمبر 4)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

چیئرمین سینیٹ سے آسٹریلوی ہائی کمشنر نیل ہاکنز کی ملاقات

گلوبل وارمنگ اور موسمی تغیرات سے نمٹنے کے لئے ہمیں اپنے طرز زندگی میں تبدیلی لانا ہو گی

ماحولیاتی مسائل کے حل کے لیے بین الاقوامی معاہدوں پر ہم سب کو عمل پیرا ہونا ہوگا، چیئرمین سینٹ یوسف رضا گیلانی

گیلانی کو چیئرمین سینٹ کا عہدہ سنبھالنے پر آسٹریلوی ہائی کمشنر کی مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ چیئرمین سینٹ نے کہا (بقیہ نمبر 4)

چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاع پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایک کروڑ 30 لاکھ سے زیادہ موبائل فونز کی تیاری

76 لاکھ موبائل فونز ایکسپورٹ، 4.98 ملین 2G، 8.1 ملین اسمارٹ فونز شامل

لاہور (این این آئی) پاکستان نے رواں سال 2024ء کے پہلے 5 ماہ کے دوران ایک کروڑ 30 لاکھ سے زیادہ موبائل فونز تیار جبکہ 76 لاکھ سے زائد موبائل فونز برآمد کیے۔ گزشتہ ماہ مئی میں موبائل فونز کی تیاری 1 کروڑ 30 لاکھ سے زیادہ موبائل فونز تیار کیے گئے جن میں سے 76 لاکھ موبائل فونز ایکسپورٹ کیے گئے۔ گزشتہ ماہ مئی (بقیہ نمبر 4)

تین لاکھ نوجوانوں کو آئی ٹی کی تربیت دینے کا آغاز

قواعد وضوابط اور اہلیت کا معیار مقرر کرنے کیلئے تجاویز پر کام جاری ہے

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے دورہ چین میں طے پانے والے معاہدے کے مطابق چینی کمپنی جواوے آئندہ ماہ سے تین لاکھ نوجوانوں کو آئی ٹی کی تربیت دینے کا آغاز کرے گی۔ سکھوئی ذرائع کے مطابق اس سلسلے میں قواعد ضوابط اور اہلیت کا معیار مقرر کرنے کیلئے تجاویز پر کام جاری ہے۔ مزید بتایا گیا کہ چین کی جواوے کمپنی کے ساتھ معاہدہ (بقیہ نمبر 5)

سپریم کورٹ کے تین نئے جج نے حلف اٹھالیا

جسٹس ملک شہزاد احمد خان، جسٹس عقیل احمد عباسی اور جسٹس شاہد بلال حسن نے بطور سپریم کورٹ جج حلف اٹھالیا

ڈاکٹر فیلا ایاک نے سپریم کورٹ کی شریعت اپیلیٹ بنچ کے ایڈہاک جج کے طور پر حلف اٹھایا، چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے حلف لیا

لاہور: نوجوان کرمی کی شدت کم کرنے کے لئے نہار ہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) جسٹس ملک شہزاد احمد خان، جسٹس عقیل احمد عباسی اور جسٹس شاہد بلال حسن نے بطور سپریم کورٹ جج حلف اٹھا لیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ڈاکٹر فیلا ایاز نے سپریم کورٹ کی شریعت اپیلیٹ بنچ کے ایڈہاک جج کے طور پر حلف اٹھایا۔ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے حلف لیا، تقریب سپریم کورٹ میں منعقد ہوئی، حلف برداری کی تقریب میں سپریم کورٹ کے جج، اٹارنی جنرل، سینئر وکلا نے شرکت کی۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز وزارت قانون و انصاف نے لاہور ہائی کورٹ کے دو جوں سمیت تین جوں کی (بقیہ نمبر 4)

نظریے پر کھڑے ہونے کی وجہ سے قوم

پی ٹی آئی کے ساتھ ہے، مسرت جمشید

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی نظریے پر کھڑے ہیں جس کی وجہ سے ساری قوم ہمارے شانہ بشانہ ہے، آئین وقانون کو روندنے والی مینڈیٹ پارٹی اور مسلم لیگ (ن) نے مسترد کیا ہے، آئین وقانون کی باتیں زیب نہیں دیتیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں ہم نے کہا کہ پی ٹی آئی نے سیاسی زندگی جدوجہد کرتے ہوئے گزاری ہے اور اب بھی ملک اور عوام کے لئے جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں اور صوبہ (بقیہ نمبر 5)

طالمانہ ٹیرف نے غریب عوام کی چیخیں نکلوا دیں، عقیل اعوان

کم ریٹس استعمال کرنے کے باوجود حکومت کی جانب سے زائد ریٹس ٹیکس ظلم ہے

نکانہ صاحب (این این آئی) مقامی بار ایسوسی ایشن کے رکن ملک عقیل اعوان نے کہا ہے کہ بجلی کے بلز نے غریب عوام کی چیخیں نکلوا دیں ہیں، عوام کی غیرت کے دھرے دار اب کہاں ہیں، اب اس ظلم کیخلاف اعلی کورٹ یا سپریم کورٹ کیوں نہیں جاتے۔ (بقیہ نمبر 8)

منافقت کی سیاست پر یقین نہیں رکھتے، چوہدری برجیس طاہر

پارٹی بدلنے والوں نے میرے حلقہ کے ورکروں کارکنوں کا بھیانک احترام کیا ہوا ہے

کریں۔ انہوں نے کہا ہمارکوں کارکنوں کے حقوق کے تحفظ کے لئے ہر ممکن کوشاں رہیں گے۔ مرکزی نائب صدر مسلم لیگ ن چوہدری محمد برجیس طاہر کا کہنا ہے کہ منافقت کی سیاست پر یقین نہیں رکھتے (بقیہ نمبر 9)

تھر پارکر میں شدید گرمی سے 25 مور ہلاک

تھر پارکر (این این آئی) تھر پارکر میں شدید گرمی سے 25 مور ہلاک ہو گئے۔ ڈپٹی کنزرویٹر عظمت واٹلو انکف میر اعجاز تالپور کے مطابق مورکوں کی تعداد 1 ہزار 500 ہے۔ ڈپٹی کنزرویٹر کے مطابق ملی پلازی سینٹر لائے گئے 25 موروں میں صرف 10 کو بچایا جاسکا۔ میر اعجاز تالپور نے کہا کہ متاثرہ علاقوں میں تمیں تھیلی جا رہی ہیں۔ دوسری جانب علاقہ مکین نے بتایا کہ درجنوں بیار اور مرے ہیں۔

جموں وکشمیر ایک متنازع علاقہ ہے، رہنما ثلاثی جماعتی حریت کانفرنس

مظفر آباد (این این آئی) کل جماعتی حریت کانفرنس کے رہنما غلام محمد صفی نے کہا ہے کہ جموں وکشمیر ایک متنازع علاقہ ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 5 اگست 2019 کو بھارتی حکومت نے غیر قانونی اقدامات کیے، بھارتی تھیلیے نے تھے، حصول حق حق ارادیت کے لئے ہماری جدوجہد جاری رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کو اقدامات واپس اور بات چیت پر آمادہ کیا (بقیہ نمبر 46)

فون ٹیپنگ سے متعلق کوئی قانون موجود نہیں، جسٹس بابر ستار

کس قانون کے تحت قیدیہ کیا کہ ڈیٹا حاصل کر سکتے ہیں؟ اسلام آباد ہائی کورٹ کے جج کے ریمارکس

ٹیلی کام آپریٹرز کو اس متعلق کچھ پتہ نہیں ہوتا، ٹیلی کام آپریٹرز نیٹ ہی اے کے کینے پر یہ سسٹم لگاتے ہیں، وکیل

جولائی میں ممکنہ بارش کا امکان، الرٹ رہنے کی ہدایت

ہیٹ ویو کی صورت حال مزید 3 دن تک برقرار رہنے کی پیش گوئی کی گئی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) نے سندھ میں جولائی میں بارش کے پیش نظر الرٹ رہنے کی ہدایت کر دی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق کراچی اور حیدرآباد میں جولائی میں 30 سے 75 ملی میٹر بارش کا امکان ہے۔ این ڈی ایم اے نے رپورٹ میں کہا کہ نواب شاہ، میرپور خاص، لاڑکانہ اور عمر کوٹ میں بھی بارش ہو سکتی ہے۔ واضح رہے کہ کراچی میں قیامت خیز گرمی جاری ہے، جس نے شہریوں کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے گزشتہ روز شہر کا درجہ حرارت 41 ڈگری تک پہنچ گیا تھا لیکن گرمی کی شدت 52 ڈگری تک محسوس کی جا رہی تھی۔ جبکہ ہیٹ ویو کی صورت حال مزید 3 دن (بقیہ نمبر 51)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

E-Commerce Website Price: 6000/-

Call / Whatsapp 0309-7900035

بلوچستان کے علاقے زرغون غر سے اغوا ہونے والے 3 افراد رہا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے علاقے زرغون غر سے اغوا ہونے والے 3 افراد کو رہا کر دیا گیا۔ لیویز حکام نے بتایا کہ رہا ہونے والے تین افراد کو زرغون غر سے کوئٹہ پہنچا دیا گیا۔ واضح رہے کہ چند روز قبل صوبہ بلوچستان کے ضلع ہرنائی کے علاقے زرغون غر سے 10 افراد کو اغوا کیا گیا تھا۔ میڈیا رپورٹ میں بتایا گیا تھا کہ مسلح عسکریت پسندوں نے ہرنائی ضلع کے زرغون غر کے علاقے میں (بقیہ نمبر 2)

سینیٹ کی قائمہ کمیٹیوں کے چیئرمین کے انتخابات کا سلسلہ، وکیٹوں کے چیئرمین منتخب

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ کی قائمہ کمیٹیوں کے چیئرمینوں کے انتخابات کا سلسلہ مکمل کر لیا گیا جاری رہا، ایوان بالا کی وکیٹوں کے چیئرمین منتخب کر لئے گئے۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار کے چیئرمین کے انتخاب کیلئے اجلاس منعقد ہوا۔ سینیٹر عبدالقہار خان نے سینیٹر محمد عبدالقادر کا نام چیئرمین کمیٹی کے لئے تجویز کیا جبکہ سینیٹر سیف اللہ ابڑو نے تائید کی۔ چیئرمین قائمہ کمیٹی نے کہا کہ وفاقی پیداوار کا شعبہ انتہائی اہمیت کا (بقیہ نمبر 3)